# Agricultural Innovation Program (AIP) for Pakistan

**AIP-Livestock: Fact Sheet no: 03**

توسیعی مواد برائے دودھ دینے والے جانور

## (بچھڑی کی نگہداشت / دیکھ بھال)

عموماً، جوان بچھڑی کو(Heifer) کہتے ہیں۔لیکن صحیح معنوں میں جب مادہ بچھڑی کو دودھ چھڑوایا جائے تو اسے(Heifers) کہتے ہیں۔بچھڑیوں کی نگہداشت ڈیری فارم کے انتظامی اُمور کا بہت اہم حصہ ہے۔آج کی بچھڑی کل کی گائے ہوتی ہے۔دوسرے معنوں میں بچھڑیاں گائے بن کر زمیندار کے لیے آمدن اور دولت کا ذریعہ بنتی ہیں۔

☆ جانور پالنے والے کسان جنھوں نے مادہ بچھڑیاں نہ پالی ہوں ان کو اپنے ریوڑ کی ضروریات مادہ بچھڑیاں خرید کر پوری کرنی پڑتی ہے نئی خریدی جانے والی مادہ بچھڑیاں موروثی طور پر پرانی گائیوں کی نسبت اعلیٰ نسل کی ہو سکتی ہیں لیکن اس کی کوئی ضمانت نہیں دی جا سکتی ہے کیونکہ خریدی جانیوالی مادہ بچھڑیوں کی صحت کا اکثر پتہ نہیں ہوتا اور وہ ریوڑ میں نئی بیماری کا سبب بن سکتی ہیں۔

بچھڑیاں پالنے میں مختلف چیزیں شامل ہوتی ہیں۔مثلاً جوان بچھڑی کی دیکھ بھال ضروری ہے کیونکہ گائے کے دودھ کی پیداوار کا انحصار گائے کے (بچے) بچھڑی پیدا کرنے کی تعداد پر ہے۔اگر پہلا بچھڑا چھوٹی عمر میں پیدا ہو جائے تو اسکی نشوونما روک جاتی ہے۔پہلا بچھڑا پیدا کرنے اور دودھ چھڑانے کا دورانیہ غیر پیداواری دور نہیں ہونا چاہیے

جوان بچھڑیوں کو پالنے کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے

☆ جوان جانوروں میں نشوونما کے لئے خورک کو بہتر طور پر استعمال کرنا اور بہتر خوراک کو دودھ کی پیداوار کی بجائے نشوونما کے لئے بہتر کارکردگی سے استعمال کرنا چاہیے

☆ بچھڑیوں سے نسل کشی کے ذریعے زیادہ سے زیادہ بچے لینا

جوان بچھڑیوں کی خوراک، صحت، دیکھ بھال اور نشوونما کیلئے مندرجہ ذیل ضروریات پوری ہونی چاہیے۔

☆ بچھڑے کے شرح اموت میں کمی۔

☆ جلدی بلوغت میں پہنچنا۔گائے کی بچھڑی 12-13 مہینوں میں اور بھینس کی بچھڑی (17-21) مہینوں میں۔

☆ اچھی دیکھ بھال سے گائے 15-20 ماہ اور بھینس 21-25 ماہ کی عمر میں حاملہ ہو جاتی ہیں۔

☆ 24-30 ماہ کی عمر میں بچہ لینا اور پھر دودھ کی اچھی پیداوار لینا۔

☆ ویگ میں دوبارہ آنا اور زچگی کے 70-80 دنوں کے اندر دوبارہ ملاپ کروانا۔

| Target weights (kg) for heifers (good management) | | |
|---|---|---|
| | **Buffalo** | **Cattle** |
| **Birth weight** | 26-31 | 30-35 |
| **At puberty** | 270-300 | 220-270 |
| **To become pregnant at** | 300-325 | 270-310 |

### (جوان بچھڑی کی بڑھوتری اور خوراک) (Heifer Growth Nutrition)

بچھڑیوں کی صحیح نگہداشت کو پرکھنے کے لیے ضروری ہے کہ اسکی بلوغت پر پہنچنے پر توجہ دی جائے۔

ملاپ کا پہلا مرحلہ جب گائے کی بچھڑی بالغ گائے کے وزن کا 40 تا 60 فیصد اور بھینس کی بچھڑی بالغ بھینس کے وزن کا 50 تا 70 فیصد حاصل کرنے پر شروع ہوتا ہے۔

☆ اچھی خوراک پر پلنے والے مادہ جانور عام طور پر 11-15 ماہ میں گائے اور 17-21 ماہ کی عمر میں بھینس بالغ ہو جاتی ہے۔مناسب دیکھ بھال کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان میں ان عمروں میں مادہ جوان جانور بالغ نہیں ہو پاتے، جوان مادہ جانور جن کا وزن کم ہوتا ہے بہت کم حاملہ ہوتی ہیں ان جانوروں میں پہلی زچگی کے دوران دودھ میں کم چکنائی ہوتی ہے اور دوبارہ ملاپ کے بعد حاملہ ہونے کے امکانات کم ہوتے ہیں۔

**Breeding soon after heifer reaches puberty would result in poor performance in subsequent lactations.**

ILRI INTERNATIONAL LIVESTOCK RESEARCH INSTITUTE

اس مواد کی اشاعت ادارہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ بین الاقوامی ترقی (USAID) کے ذریعے امریکی عوام کے تعاون سے ممکن بنائی گئی ہے، تاہم اس کے مندرجات کی ذمہ دار انٹرنیشنل میز اینڈ ویٹ امپروومنٹ سنٹر (CIMMYT) اور اس کے پارٹنرز ہیں۔ضروری نہیں کہ یہ USAID یا امریکی حکومت کے خیالات کی عکاسی کرتے ہیں۔

**Some guidelines** on weights (kg) to breed pure and crossbreds:

| | |
|---|---|
| ***Friesians, Friesian x Brown Swiss*** | ***- 300*** |
| ***Friesian x zebu crosses*** | ***- 275*** |
| ***Buffalo*** | ***- 300*** |

جرسی اور فریزن نسل کے جانوروں میں مختلف عمروں میں مقرر کردہ جسمانی وزن حاصل کرنے کیلئے 450 تا 550 گرام وزن یومیہ بڑھنا ضروری ہے۔ اگر گائے کی جوان بچھڑی کی نشونما اطمینان بخش ہو تو وہ 12 ماہ کی عمر میں بالغ ہو جاتی ہے اور 14-15 ماہ کی عمر میں ملاپ کیلئے تیار ہو جاتی ہے۔ اگر جوان بچھڑی مقررہ کردہ جسمانی وزن نہ حاصل کر سکے تو بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت بھی متاثر ہو سکتی ہے اگر 24 ماہ کی عمر تک مقرر کردہ جسمانی وزن نہ حاصل ہو سکے تو کئی جانوروں میں پہلی زچگی کے بعد دودھ کی پیداوار بھی کم ہو جاتی ہے

غیر معیاری خوراک کی وجہ سے نشو ونما میں کمی ان اہم اثرات کو ظاہر کرتی ہے کم وزن والی جوان بچھڑیوں کو تھوڑے عرصے کے لئے اچھی کوالٹی کا ونڈہ کھلانا مناسب ہے تاکہ پچھلی خوراک کی کمی کے اثرات پر قابو پایا جاسکے۔

## Feeding From Breeding to Calving


## (ملاپ سے لے کر زچگی تک خوراک)

بچھڑیوں کا معدہ تقریباً 13 مہینے کی عمر میں پوری طرح کارآمد ہو جاتا ہے۔ اوراس میں اچھی قسم کے چارہ جات ہضم کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ بچھڑیوں کو اعلیٰ قسم کے چارہ جات کھلانا چاہیے اور خاص کر زچگی سے دو مہینے قبل اسکو اچھی کوالٹی کا ونڈا اور توانائی سے بھرپور خوراک دینی چاہیے۔

حاملہ بچھڑی کی جسمانی صحت کا درجہ 3 ہونا چاہیے یہ جانور کو پہلی دفعہ دودھ دینے کے دوران دباؤ اور سختیوں سے کچھ حد تک محفوظ رکھتی ہے کیونکہ اس دوران جانور نے دودھ بھی دینا ہوتا ہے اور نشو ونما کو بھی جاری رکھنا ہوتا ہے اور زچگی کے دو ماہ بعد دوبارہ ویگ میں آنے کے قابل بناتا ہے کمزور اور موٹی جوان بچھڑیوں میں زچگی کے دوران اور زچگی کے بعد مشکلات پیدا ہونے کا خدشہ ہوتا ہے جوان بچھڑی کے حاملہ ہونے پر نشو ونما کی کمی کی وجہ سے مندرجہ ذیل نقصان دہ اثرات ہو سکتے ہیں۔

- ☆ نوزائیدہ بچھڑے کو اچھی غذائیت والی خوراک کا نہ ملنا۔
- ☆ بچھڑے کی نامناسب نشو ونما کی وجہ سے پیدائش میں دُشواری
- ☆ پہلی دفعہ دودھ دینے کے دورانیے میں دودھ کی پیداوار کا کم ہونا۔

***When high quality feeds are difficult to produce, rearing pure or crossbred heifers with abundant, low quality feeds may result in slow growth rates (400-500 g/day) and delayed first calving, but this might be most economical rearing strategy for such situations!!***




Source: Dairy Essentials, Raising Dairy Heifers babcock@calshp.cals.wise.edu


AIP-ILRI لائیوسٹاک کی مزید تفصیلات کے لئے محمد ابراھیم کا ای میل (m.ibrahim@cgiar.org)